RAMPUR GOVT GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۴۷	روز دوشنبہ تاریخ ۲۱ نومبر سنہ ۱۹۲۲ع مطابق ۳ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۱ھ	جلد ۴۲

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ	نمبر	نام مضمون	صفحہ
۱	روبکار صاحب جوڈیشل انچارج دربارہ قطع درختان۔	۱و۲	۶	دربارہ تعمیل مسلہ مظہر۔	۴
۲	حکم روبکار صاحب ریونیو ممبر بابت انسداد درازدستی ملازمان	۲	۷	دربارہ ... کا ٹھیکہ۔	۴
۳	رخصت تحصیلدار ملک۔	۳	۸	رخصت تحصیلدار شاہ آباد۔	۴
۴	ترجمہ چٹھی صاحب سکریٹری گورنمنٹ	۳	۹	روبکار میونسپل کمیٹی تحصیل ...	ضمیمہ
۵	رخصت تحصیلدار رامپور۔	۳	۱۰	نقشہ نیلام محصول جوانہ۔	ضمیمہ
			۱۱	نقشہ حیات و ممات ...	ضمیمہ

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل انچارج
واقع ۱۳ نومبر سنہ ۱۹۲۲ع

حکم منظورشدہ کونسل مورخہ ... ستمبر سنہ ۱۹۲۲ع دربارہ قطع درختان ملحوظ بغیر اجازت سرکار میں غلط فہمی واقع ہوئی ہے لہذا منظوری کونسل سرکار بذا بطور تشریح شائع کیا جاتا ہے حکم مذکورہ بالا سے دستور العمل مینجمنٹ جنگل مندرجہ گزٹ نمبری ۹ مطبوعہ ۲۶ اگست سنہ ۱۹۲۲ع منسوخ نہ سمجھا جائیگا۔

درختان ... اگر سرکار بے حکم کاٹے جاویں تو مقدمہ سرقہ دفعہ ۳۷۹ قایم کیا جائیگا اور حسب ضابطہ مجموعہ ضابطہ فوجداری کارروائی کیجائیگی جو درخت اقسام سرکاری نہیں ہیں بلکہ ملکیت قطع کنندگان کے ہیں اور بغیر اجازت سرکاری اگر وہ کاٹے جاویں تو جرم خلاف ورزی حکم کونسل مورخہ ۵ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ء قایم کیا جائیگا اور کارروائی مثل دفعہ ۲۰۳ مجموعہ تعزیرات ہند کے کیجائیگی یعنے ایک اڑتمن جاری ہوگا ضمانت لیجائیگی راضی نامہ لیا جائیگا اگر سزا دیجاوے تو وہ تین سے زیادہ ہوگی جیسا کہ دفعہ ۲۰۳ میں محدود نہیں ہے اور دستور العمل میں جسکا حوالہ اوپر دیا گیا پانچ روپیہ سے کم نہ ہوسکتا تھا اب یہ تجویز ہوئی کہ انتہائے تعداد جرمانہ کی ... رکھی گئی ہے اس سے زیادہ جرمانہ نہو سکیگا اور حسب حالات و نوعیت مقدمہ مجوز کو کمی جرمانہ کا اختیار ہے بسکہ نہ درج گزٹ ہوا اور جلد مطبوعہ طبع ہوں۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

نقل تجویز مولوی محمد مظہر اللہ صاحب واسطے ہدایت اور کارروائی کے سب تحصیلداران کے پاس بھیجی جاوے اور صدر قانونگویان مطلع ہوں اور ایک نقل واسطے طبع گزٹ مطبع کو مرسل ہو مورخہ ۶ نومبر سنہ ۱۹۰۲ء

تجویز مولوی محمد مظہر اللہ صاحب مولف قانون شائستہ رپورٹ

تحصیلدار سوار متعلقہ مقدمہ اسٹامپ درخواستہائے داخل خارج

جو بابت گذارش ہو کہ علاقہ قدیم کے لئے جو قانون جدید اسٹامپ کا اجلاس عالی کونسل سے ۲۴ اکتوبر سنہ حال کو منظور ہوا ہے یکم نومبر سنہ حال سے نافذ ہوگا اور جس میں ۲ کا اسٹامپ تجویز ہوا ہے علاقہ جدید میں مثل علاقہ انگریزی درخواستہائے داخل خارج سادہ پر گذرنی چاہئیں جیسا کہ ضلع بریلی میں بھی دستور ہے

۳۰ اکتوبر سنہ ۱۹۰۲ء

حکم اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
رخصت

۱۵ نومبر سنہ ۱۹۰۲ء

تحصیلدار ... کو بضرورت اشتراک شادی ... حسب درخواست اونکے رخصت پنج یوم عطا ہوئی۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۱۵ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

چٹھی صاحب سکرٹری گورنمنٹ نمبری ۴۴/۲۰۴۳ مورخہ ۲ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء موسومہ صاحب ایجنٹ بہادر بذریعہ چٹھی صاحب ایجنٹ بہادر نمبری ۲۲/۳۶۹ مورخہ ۱۰ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء جسکا ترجمہ ذیل میں درج ہے موصول سررشتہ ہوکر۔

حکم ہوا کہ

صاحب افسر آڈٹ و دیوان الصدر مطلع ہوکر تعمیل احکام گورنمنٹ کریں دیوان الصدر کو بالخصوص احتیاط رکھنا چاہیئے کہ کسی مد کا خرچ بجٹ سے زائد نہونے پاوے اور کسی مد میں ایسا صرف نہ کیا جاوے جو اوس سے غیر متعلق ہو۔ نقل روبکار سررشتہ آڈٹ میں مرسل ہو اور پروانہ بنام دیوان الصدر جاری ہو روبکار ہذا مع ترجمہ چٹھی صاحب سکرٹری گورنمنٹ گزٹ میں بھی شایع کیا جاوے۔

ترجمہ چٹھی صاحب سکرٹری گورنمنٹ بخدمت صاحب ایجنٹ بہادر

آپکی چٹھی نمبری ۲۵۹۵ مورخہ ۲۰ اگست جسکے ساتھ چٹھی کونسل کی بجواب چند امور مندرجہ احکام گورنمنٹ متعلق رپورٹ انتظامیہ سال سنہ ۱۸۹۰ و ۱۸۹۱ء شامل تھی پہونچی۔

دفعہ ۲۔ نسبت رسالہ علی غول کے جو انتظام اب جاری ہے یعنی مبلغ بابت خدمات رسالہ مذکور کے معینہ سالانہ دو حصوں میں ہر دو صیغوں میں ہر سال خرچ پڑتے ہیں بدستور برقرار رکھا جاوے۔

دفعہ ۳۔ آپ نے اپنی چٹھی کی دفعہ ۹ میں جو تحریر کیا ہے اوسکے بموجب کونسل سے بنام سررشتہ آڈٹ و سررشتہ خزانہ تاکیدی احکام جاری ہونا چاہیئے کہ بجٹ سے زیادہ نہ خرچ ہو نہ زیادتی خرچ پاس کیجاوے اور کسی مد میں ایسا روپیہ صرف نہ کیا جاوے جو اوس سے صریح غیر متعلق ہو۔ ایسا خرچ پاس کیا جاوے تاوقتیکہ کونسل کی بحیثیت مجموعی منظوری نہو [illegible]

روبکار اجلاس الضاً واقع ۱۵ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

محمد علی رضا خان تحصیلدار بلاسپور نے ۲ ماہ یوم کی رخصت لی ہے غلام شبیر نائب تحصیلدار کام کرینگے انکو اختیارات تجویز مقدمات سررشتہ مال حاصل ہونگے۔ نسبت مقدمات فوجداری کے مقدمات کلاں صدر کو منتقل ہونا چاہیئے اور غلام شبیر کو درجہ سوم کے اختیارات فوجداری دینا مناسب ہوگا واسطے معمولی و خفیف مقدمات کے ردوبدل مقدمات کا ۲ ماہ یوم میں کچھ حرج نہیں ہوسکتا روبکار ہذا با جلاس صاحب انچارج جوڈیشل ممبر بہادر پیش ہوکر اگر صاحب موصوف بھی متفق ہوں تو اجراے احکام کرادیا جاوے۔ ادنیٰ اجلاس سے

[illegible]

میں متفق ہوں احکام جاری ہوں۔ المرقوم ۱۵ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

[illegible]

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۶ نومبر ۱۸۹۲ء

تعطیل

گزشتہ سال میلہ بینظیر کی تعطیل پنجشنبہ جمعہ شنبہ یکشنبہ دوشنبہ دسمبر کو تھی اس طرح کہ جمعہ جو معمولی تعطیل ہے درمیان میں شامل ہو گیا تھا اوسی حساب سے چند تعطیلات میں پانچ دن کی تعطیل جیسی ہوئی ہے اس سال بھی یکشنبہ دوشنبہ سہ شنبہ چہارشنبہ دسمبر کو تعطیل ہونا چاہیے —

حکم ہوا کہ

سررشتہ دار صدر یہ روبکار درج گزٹ کرا دیں تاکہ سب جگہ لوگ مطلع ہو کر تعطیل سے مستفید ہو سکیں اس حکم میں اسقدر استثنا ہے کہ ضروری کام سب انجام ہوگا اور حسب تجویز سررشتہ دار صاحب صدر بمقام میلہ باری باری سے اوسقدر اہلکار خیمہ کچہری میں حاضر ہونگے جنکی فی الواقع ضرورت ہووے —

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۹ نومبر ۱۸۹۲ء

یہ شکوک کیفیت قطع رسان ہے لیں بہادر میں ہر شخص کو مدد دینا چاہیئے یہ رپورٹ اور حکم تبا اطلاع عام بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے —

رپورٹ محمد وزیر علی صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس

جناب عالی دام اقبالہ

فدوی نے مطابق ایک عرضی واسطے اطلاع دہی تھانہ داران پولیس چوکیداران مدد دینے کام ٹیکہ میں گذرانی تھی جسپر حکم نافذ ہے کہ ویکسینیٹران سے پولیس واقف ہے اسواسطے کوئی ضرورت اجراے حکم عام کی نہیں ہے اب ایک عرضی سید احمد حسین سپرنٹنڈنٹ ویکسینیٹران حضور تحصیل نے منسلک گذروا ور صاحب حفظان صحت بر ... گذرانی ہے کہ چوکیداران دیہ مدد نہیں دیتے لہذا عرضی گذرا امیدوار کہ بذریعہ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس تھانہ داران محال و کوتوال صاحب شہر کو اطلاع بھیجا وے تاکہ وہ چوکیداران وغیرہ کو ہدایت کر دیں اور نیز ویکسینیٹران شہر نے بھی شکایت کی زیادہ حد ادب دولت جاوید رہے فقط ۱۸ نومبر ۱۸۹۲ء

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

۱۹ نومبر ۱۸۹۲ء

درخواست منشی شیر زمان خان تحصیلدار شاہ آباد در بارہ عطاے رخصت یک ہفتہ بوجہ علالت ملاحظہ ہو کر رخصت یک ہفتہ عطا ہوئی —

حاکم صاحب سکریٹری میونسپل کونسل واقع ۱۳ نومبر ۱۸۹۲ء

ملاحظہ ہو کر حکم ہوا کہ ایک نقل کمیٹی میونسپل بورڈ ملک کو برائے تعمیل ارسال ہو۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل ملک منعقدہ ۵ نومبر ۱۸۹۲ء

منشی محمد سعد اللہ خان صاحب تحصیلدار صدر نشین

منشی انور علی خان صاحب نائب تحصیلدار سکرٹری

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین	غیر ملازمین
(۱) منشی محمد رضا عرائض نویس	(۱) قاضی سید علی حسین ساکن کھاتہ۔ — ممبر
(۲) حکیم سید عباس علی مہتمم شفاخانہ	(۲) ... ساکن ملک — ممبر
(۳) وصی الدین محرر صفائی۔	(۳) لالہ ... — ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱۔ رپورٹ محرر صفائی۔ ملک خاص میں چار چاہ پختہ کلاں زیر اوپر منجانب سرکار عرصہ سات برس کا ہوا کہ ڈھک دیئے گئے تھے اب ڈھکنے میں اندیشہ گر جانے آدمی کا ہے۔ لائق تیاری جدید ہیں۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب دستور سابق لکڑی از قسم جامن یا اور قسم پختہ سرکار مرحمت فرمائی اور ضروری تیاری کھڑک ذمہ اہل محلہ ہے اور بہ نگرانی محرر صفائی تیار کیجاوے۔

علیحدہ رپورٹ آنے پر حکم مناسب ہوگا۔ ۱۳ نومبر ۱۸۹۲ء

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۳۔ ملک خاص میں جنوباً اور شمالاً ہر دو جانب جائے کوڑہ تجویز ہوئی تھی برسات سال حال میں اراضی جانب شمال دریابرد ہوگئی جبتک ہر دو جانب جگہ تجویز نہ ہوگی صفائی دشوار ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ گرداور قانونگو حلقہ جگہ مناسب تجویز کرے۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق کیا۔

ملاحظہ شد

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۴۔ چاہات ملک خاص کی صفائی کرادی گئی صرف تین کنوئیں باقی ہیں ایک واقع بازار۔ ایک متصل مکان منڈی لال ایک	محرر صفائی بامداد جمعدار تحصیل متعین مع بہشتی و تین مزدور ہر ایک چاہ کی صفائی کراویں اور اہل محلہ سے علی قدر حیثیت بعد صرف

متصل مکان میر ستار صفائی طلب ہیں اہل محلہ چندہ مزدوروں کی مزدوری صفائی کا نہیں دیتے ہیں۔	وصول کرکے مزدوران کو دیدیں فقط صاحب صدر نشین نے بھی منظور فرمایا۔ ملاحظہ شد [illegible]
۴۴ - قاضی سید علی حسین صاحب ممبر کمیٹی نے اطلاع کی کہ واقع موضع کھاتہ قریب بازار بہشتی تالاب کی ہے جس سے تعفن و اندیشہ بیماری ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ جو اراضی واقعہ بازار سے ملحقہ ۶۰ - قدم کے جانب [illegible] کہیں ہے وہاں یہ بہشتی قائم کیا جاوے صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق کیا۔ ملاحظہ شد [illegible]

ضمیمہ سرکاری گزٹ رامپور نمبر ۲۵

مطبوعہ ۱۷ نومبر ۱۹۴۲ء جلد

نقشہ بولی نیلام محصول چوب از چوبی و آہنی و گنبد سازی محالات دار الریاست رامپور بابت علاقہ قدیم واقع بتاریخ ۱۷ نومبر ۱۹۴۲ء باجلاس جناب خانبہادر صاحب ریونیو منسٹر کہ جسکی میعاد دو سالہ مع ابتدائی سنہ ۱۳۵۱ لغایت سنہ ۱۳۵۲ فصلی قائم ہو کر یہ اعلان دیا گیا ہے کہ میعاد مذکور نسبت جسکی جو اجلاس کامل سے تجویز ہوگی وہ قائم رہے گی۔

نمبر شمار	نام پرگنہ	نام مشتریان نیلام	تعداد زر نیلام	افزون	
۱	تحصیل سوار و ٹانڈہ	حافظ محمد امین پسر حافظ مستقیم خان عہد علیخان و مولوی سعد محمد خان	[illegible]		
۲	تحصیل ملک	عنایت احمد خان و ضیاء اللہ خان	[illegible]		
۳	بلاسپور	امداد حسین خان ولد کریم اللہ خان	[illegible]	[illegible]	
۴	حضور تحصیل	عنایت احمد خان و ناصر علیخان و محمود حسین خان پسر احمد حسین خان ٹھیکدار	[illegible]	[illegible]	
۵	تحصیل شاہ آباد	رام منوہر داس و چند لعل پسران جانکی داس	[illegible]	[illegible]	

عہ

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

357

مطبوعہ ۱۲ نومبر ۱۸۹۲ء جلد

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۵ لغایت ۲۱ نومبر ۱۸۹۲ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہندو	عورت مسلمان	عورت ہندو	میزان	تفصیل فوتے: تفصیل سنہ [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان	[illegible]	تفصیل مذہب [illegible]	[illegible]	تفصیل امراض [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
شہر رامپور	٢٣	٦	١٤	١٢	٥٦	٣٠	٤٨	١٥	٢٠	٢	٢	١٤	١٣	٢٣	٣٥	٥٣	١٥	١	٠	٠	٦٦	٦٨	٠
حضور تحصیل	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	٥	٣	٣	١١	٣٣	٩	٣٣	١١	٥	١	٢	١٥	٩	٢٠	١٢	١١	٢٢	٠	٠	٢٢	١١	٣٣	٠
ملک	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	نقشہ نہیں آیا
سوار	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	ایضاً
بلاسپور	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	ایضاً
ٹانڈہ	٣	٥	٥	٦	٢٠	٩	١١	٦	٩	٠	٠	٦	٣	١٣	١٢	١٢	١١	٠	٣	٠	٣٣	٣٥	٠
میزان	٣١	٢٣	٢٦	٢٩	١١١	٥٨	٥٢	٣٣	٣٣	٣	٣	٣٦	٢٥	٤٣	٦٣	٤٨	٥٨	١	٢	٢٢	١٠١	١٣٦	٠

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۵ لغایت ۲۱ نومبر ۱۸۹۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	١٣ ار	١٣ ار	[illegible]	٠	١٣ ار	٠	
نخود خالص	١٦ ار	١٤ ار	١٤ ار	٠	١٩ ار	٠	
نخود گندم آمیز	١٩ ار	٠	١٩ ار	٠	٢٢ ار	٠	
[illegible]	٢٠ ار	٠	٢٠ ار	٠	٠	٠	
ماش	١٤ ار	١٦ ار	١٥ ار	٠	[illegible]	٠	
مونگ	١٣ ار	١٤ ار	١٣ ار	٠	١٢ ار	٠	
مکا	٠	٢٢ ار	٢٢ ار	٠	٢٢ ار	٠	
گنجی	٠	١٩ ار	٢١ ار	٠	٢٥	٠	
کوجی	٢١ ار	١٦ ار	٢٠ ار	٠	٢٠ ار	٠	
عدس	١٩ ار	١٥ ار	٢٠ ار	٠	٢٢ ار	٠	
ارہر	٢١ ار	٢٠ ار	٢٠ ار	٠	٠	٠	
برنج	١١ ار	١٣ ار	١٣ ار	٠	١٣ ار	٠	
روغن زرد	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	١ ار	٠	
روغن سیاہ	[illegible]	٣ ار	٣ ار	٠	[illegible]	٠	
روغن تلخ	٠	٠	١ ار	٠	٠	٠	
نمک سانبھر	[illegible]	٨ ار	٩ ار	٠	٨ ار	٠	
نمک [illegible]	٠	٦ ار	٦ ار	٠	٥ ار	٠	
قند سیاہ	١٠ ار	٨	٩	٠	[illegible]	٠	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور